اعتماد میں اضافہ کرتا ۔ قیمت درج نہیں۔

مکاتیبِ سلیمان | مرتبہ مولانا مسعود عالم ندوی مرحوم۔ شائع کردہ: مکتبہ چراغِ راہ، لاہور۔ قیمت مجلد سوا تین روپے

علامہ سید سلیمان ندوی برعظیم پاک و ہند کی عظیم مسلّم شخصیتوں میں شمار ہوتے ہیں۔ مرحوم کو اللہ تعالیٰ نے علم و تحقیق کے میدان میں بہت سا کام کرنے کی توفیق دی اور آپ دار المصنفین اعظم گڈھ کے ادارہ کا دل و دماغ تھے۔ علامہ مرحوم کے ساتھ مولانا مسعود عالم ندوی کو استادی شاگردی کے تعلق کی بنا پر گہرا قریبی رابطہ تھا۔ یہ رابطہ آخر دم تک رہا اور خط و کتابت کا سلسلہ اس پر محبت کی نت نئی گرہیں ڈالتا رہا۔ علامہ سید سلیمان ندوی کی وفات کے حادثہ نے تحریک کی اور مولانا مسعود عالم نے علامہ موصوف کے خطوط کا ایک مجموعہ مرتب کیا، اس کے لیے "تقریب" لکھی اور قبل اس کے کہ وہ شائع ہو، یہ "مکتوب الیہ" بھی دارِ فانی سے رخصت ہو کر "مکتوب نگار" کے ساتھ جا ملا۔ وہی مجموعہ ہے جو مکاتیبِ سلیمان کے نام سے آیا ہے جو اب دونوں بزرگوں کی مشترک یادگار ہے۔ ان خطوط کی ایک قدر و قیمت ادبی لحاظ سے ہے۔ ان کی دوسری اہمیت یہ ہے کہ یہ ایک عالم نے دوسرے عالم کو لکھے ہیں اس لیے ان میں بہت سے اہم علمی اشارات ملتے ہیں، پھر ان کے ذریعے صاحبِ مکاتیب کی سیرت کے بہت سے پہلو نمایاں ہوتے ہیں اور مکتوب الیہ کے بارے میں بھی دھندلی سی واقفیت حاصل ہوتی ہے، علاوہ بریں کچھ واقعات و احوال پر تاریخی حیثیت سے بھی روشنی پڑتی ہے۔ یہ بالکل حسبِ توقع ہے کہ جماعت اسلامی پر بھی کہیں کہیں بات چھڑی ہے، کیونکہ مولانا مسعود عالم تحریکِ اسلامی کے ایک اونچے سرگرم کارکن تھے اور علامہ سید سلیمان ندوی کو شروع شروع میں تو شدید اختلاف تھا؛ آخر میں جا کر اس میں کمی آگئی۔ یہ خطوط اختلاف کے باوجود محبت رکھنے اور محبت کے باوجود اختلاف رکھنے کی ایک اچھی مثال سامنے لاتے ہیں۔

اصحابِ کہف | مترجمہ: عبید الحق صاحب: شائع کردہ: المکتبۃ العلمیہ۔ لیک روڈ، لاہور۔ قیمت ۶ ؍

بچوں کے لیے اردو زبان میں اب تک اچھے موادِ مطالعہ کی کمی محسوس کی جا رہی ہے۔ خصوصیت سے اسلامی فکر سے بچوں کے ذہنوں کو آراستہ کرنے کے لیے ہمارے پاس اچھی کتابوں کا بالکل قحط ہے۔ عربی زبان میں اس پہلو سے خاصا کام ہو چکا ہے۔ چنانچہ عربی ہی سے اس کتابچے کا ترجمہ کیا گیا ہے۔ مولانا مسعود عالم